13918 ـ روزے کی حالت میں منگیتر سے بات چیت

سوال

کیا روزے دار کےلیے اپنی منگیتر سے ٹیلی فونک گفتگو جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

منگیتر سے بات چیت کے کچھ قواعت وضوابط ہیں آپ ان کی تفصیل سوال نمبر (13791) کے جواب میں پائیں گے لھذا اس کا مطالعہ کریں ۔

جب یہ قواعد وضوابط پائے جائیں ، اورخاص کرجب شھوت میں انگیخت پیدا نہ ہو اوربات چیت کی ضرورت ہو تو ایسا کرنا جائز ہے ، لیکن اگر ان قواعد وضوابط میں سے کسی ایک کا خدشہ ہو تو پھر آپ کے لیے شرعی طور پر منگیتر سے بات چیت کرنا منع ہے اورجائز نہیں ۔

اورجب ان قواعد وضوابط سے روزے کی حالت میں تجاوز کیا جائے تویہ روزے پر اثر انداز ہوتے ہوئے اس کے اجر وثواب میں نقص پیدا کرے گی ، اوریہ بہت ہی بری چیز اورزیادہ سخت گناہ کا باعث ہے کیونکہ یہ فضیلت والے مہینہ میں کیا جارہا ہے ، لھذا روزہ دار کےلیے ضروری ہے کہ وہ ایسی اشیاء اورافعال سے بچے جس کے ارتکاب سے روزے کے اجرو ثواب میں نقص پیدا ہو، اوراس میں خلل پیدا کردے ۔

واللہ اعلم .